
# اپریل



# اپریل 1

''بلاہٹ ایک دعوت ہے کہ خود کو استعمال میں لانے کے لئے پیش کیا جائے۔''

ہم میں سے کتنے ہیں جو کسی ایسے شخص کے ساتھ ہوائی جہاز میں سوار ہو جائیں گے جس نے ابھی یہ فیصلہ کیا ہو کہ اُس کی خواہش اور بلاہٹ ہے کہ وہ جہاز اُڑائے، لیکن اُس نے جہاز اُڑانے کی کوئی مناسب ٹریننگ بھی حاصل نہ کی ہو؟ اِسی طرح ہم میں سے کتنے آپریشن کے لئے تیار ہو جائیں گے اور ایسے شخص کو اپنی سرجری کرنے دیں گے جس کو صرف یہ احساس ہوا ہو کہ وہ سرجن ہونے کے لئے بلایا گیا ہے؟ اِس کا جواب ہے: ہم میں سے ایک بھی نہیں۔ یہاں تک کہ فطری نقطۂ نظر سے ہم اپنی زندگی اور موت کے لئے کسی ایسے شخص پر بھروسا نہیں کریں گے جو اِس کام کی باقاعدہ تیاری پر آمادہ نہیں۔

روحانی نقطۂ نظر سے بھی یہ بات سچ ہے۔ جب ہم مسیح کے پاس آتے ہیں اور اپنی زندگی اُسے دیتے ہیں تو ہم یہ اُمید کر سکتے ہیں کہ ہماری خواہش ہمیں مسیح کے بدن میں خدمت کے لئے لے جائے گی۔ ہماری ذاتی ''بلاہٹ'' ایک دعوت ہے کہ ہم اُس وقت اور موقع کا فائدہ اُٹھائیں جو خدا نے ہمیں دیا ہے اور خود کو خدمت کے عظیم ترین ایام کے لئے تیار کریں۔ بلائے گئے تو بہت ہیں لیکن برگزیدہ تھوڑے۔ شاید اِس کی وجہ یہ ہے کہ بہت کم لوگ ہیں جو خدا کی ضرورت کے دن کے لئے تیار ہیں۔ خود کو کسی مقامی کلیسیا سے وابستہ کریں اور آج ہی تیاری شروع کر دیں۔

**آج کی دعا:** باپ! مَیں تیرا شکر کرتا ہوں کہ تُو نے مجھے واقعی بلایا ہے۔ میری مدد کر کہ مَیں اپنی بلاہٹ تیرے اور مقامی کلیسیا کے تابع کروں تا کہ مَیں مناسب طور پر اور صبر سے تیار ہو کر اپنی خدمت کے لئے کمر بستہ ہو سکوں۔

**آج کی آیات:**

متّی 16:20

''اِسی طرح آخر اوّل ہو جائیں گے اور اوّل آخر۔''

2- پطرس 10:1

''پس اے بھائیو! اپنے بلاوے اور برگزیدگی کو ثابت کرنے کی زیادہ کوشش کرو کیونکہ اگر ایسا کرو گے تو کبھی ٹھوکر نہ کھاؤ گے۔''

# اپریل 2

''ایک ٹوٹے ہوئے دل کو ہرگز اجازت نہ دیں کہ آپ کو ایک ٹوٹی ہوئی اُمید دے۔''

زندگی میں ہمیں محرومیوں اور نقصانات کا سامنا ہوسکتا ہے جو ہمیں دُکھ اور مایوسی کی طرف لے جا سکتے ہیں۔ ہم اِسے ایک ٹوٹا ہوا دل کہتے ہیں۔ جب ہمارے اِرد گرد سب کچھ مایوس کن ہوتا ہے تو ہم اِس بات کو اپنی توجہ کا مرکز بنا لیتے ہیں کہ کیا چیز ہمیں دکھ دے رہی ہے اور ہم اُس کے بڑے اور مثبت پہلو کو بھول جاتے ہیں کہ خدا ہم سے پیار کرتا ہے اور اب بھی سب اُس کے اختیار میں ہے۔ مرقس 9 باب میں ایک شکستہ دِل باپ یسوع کے پاس آتا ہے۔ اُس کے بیٹے کو بدروحیں کئی سالوں سے اذیت دے رہی تھیں۔ یسوع نے کہا ''جو اعتقاد رکھتا ہے اُس کے لئے سب کچھ ہوسکتا ہے۔'' باپ نے جواب دیا ''مَیں اعتقاد رکھتا ہوں۔ میری بے اِعتقادی کا علاج کر۔'' اُس آدمی کے پاس صرف اِتنی سی اُمید باقی تھی کہ یسوع مدد مانگ سکے۔

اگر آج آپ بھاری بوجھ اُٹھائے ہوئے ہیں تو ایک ٹوٹے ہوئے دل کو ہرگز اجازت نہ دیں کہ آپ کو ایک ٹوٹی ہوئی اُمید دے۔ خداوند سے کہیں کہ آنے والے بہتر دن کے لئے آپ کو رُویا دے۔ اب اُس بہتر دن کی طرف بڑھیں، یہ بھروسا کرتے ہوئے کہ وہ آپ کو اِس سفر میں طاقت اور ہمت دے گا۔ ہر ٹوٹے دل کے لئے اُمید ہے۔

**آج کی دعا:** خداوند! مَیں جانتا ہوں کہ تُو دیکھ رہا ہے کہ مَیں کن حالات میں سے گزر رہا ہوں۔ میرا ایمان ہے کہ تُو مجھ سے پیار کرتا ہے اور میری زندگی کے لئے تیرا ایک منصوبہ ہے۔ میری مدد کر کہ مَیں تجھ پر اَور بھروسا کروں اور اپنے دردناک لمحے سے آگے دیکھ سکوں۔ خداوند تیرا شکر ہو کہ تُو میری اُمید اور سکون کا منبع ہے۔

**آج کی آیات:**

زبور 7:39

''اے خداوند! اب مَیں کس بات کے لئے ٹھہرا ہوں؟ میری اُمید تجھ ہی سے ہے۔''

یرمیاہ 11:29

''کیونکہ مَیں تمہارے حق میں اپنے خیالات کو جانتا ہوں خداوند فرماتا ہے یعنی سلامتی کے خیالات۔ برائی کے نہیں تاکہ مَیں تم کو نیک انجام کی اُمید بخشوں۔''

# اپریل 3

''اگر آپ موقعے پر آ نہیں سکتے تو اُس کے لیے رضامند بھی نہ ہوں۔''

یسوع نے ایک مرتبہ ایک باپ کی کہانی سُنائی جس کے دو بیٹے تھے۔ باپ نے اُن سے ایک خاص دن پر اُس کے ساتھ کام کرانے کو بولا۔ ایک نے کہا کہ وہ ضرور آئے گا جب کہ دوسرے نے کہا کہ وہ نہیں آئے گا۔ جس بیٹے نے پہلے انکار کیا تھا، اُس نے بعد میں ذہن بدلا اور باپ کے ساتھ کام کرنے کے لئے آ گیا۔ جو بیٹا راضی ہوا تھا وہ کام کے لئے آیا ہی نہیں۔ یسوع نے پوچھا ''کون سا بیٹا بہتر تھا؟''

اِس کہانی کے باپ کی طرح خدا چاہتا ہے کہ ہم اچھے بچے ہوں، وہ حاضری کو نہیں ہمارے دل کو دیکھتا ہے۔ کوئی بھی مدد اُس وقت تک مدد نہیں جب تک اُس سے کچھ مثبت حاصل نہ ہو۔ ہمارا آسمانی باپ اپنے بچوں کا انتظار کرتا ہے کہ وہ اُس کی فصل کاٹنے میں مدد کریں، اپنی زندگیاں اُس کے ساتھ بانٹیں اور اُس انعام کو قبول کریں جو وہ ہمیں عطا کرنا چاہتا ہے۔ اگر آپ موقعے پر آ نہیں سکتے تو اُس کے لئے رضامند بھی نہ ہوں۔

**آج کی دعا:** باپ! مَیں ایک اچھا بیٹا بننا چاہتا ۔مَیں تجھے جاننا چاہتا ہوں اور تجھ سے اپنا رشتہ مضبوط کرنا چاہتا ہوں۔ جو تیرے لئے اہم ہے وہ میرے لئے بھی اہم ہے۔ مہربانی سے مجھے دِکھا کہ آج مَیں کیا کروں کہ تجھے خوش کر سکوں۔

**آج کی آیات:**

زبور 8:40

''اے میرے خدا! میری خوشی تیری مرضی پوری کرنے میں ہے بلکہ تیری شریعت میرے دل میں ہے۔''

یوحنا 23:14

''یسوع نے جواب میں اُس سے کہا کہ اگر کوئی مجھ سے محبت رکھے تو وہ میرے کلام پر عمل کرے گا اور میرا باپ اُس سے محبت رکھے گا اور ہم اُس کے پاس آئیں گے اور اُس کے ساتھ سکونت کریں گے۔''

یوحنا 3:17

''اور ہمیشہ کی زندگی یہ ہے کہ وہ تجھ خدایِ واحد اور برحق کو اور یسوع مسیح کو جسے تُو نے بھیجا ہے جانیں۔''

# اپریل 4

''اپنا روحانی خزانہ خرچ کریں۔''

وہ لوگ جو کام کرتے ہیں اِس بات کو سمجھتے اور ہر اُس موقعے کا فائدہ اُٹھاتے ہیں جس سے وہ اپنی ریٹائرمنٹ کے لئے سرمایہ کاری کرسکیں۔ وہ سخت محنت کرتے ہیں، ہر ہفتے تھوڑی بچت کرتے اور خزانہ جمع کرتے ہیں کہ بعد میں استعمال کرسکیں۔ آسمان کی بادشاہی بھی کچھ ایسی ہی ہے۔ جب ہم خدا کی مرضی کے مطابق زندگی گزارتے ہیں تو ہم حکمت، حمایت اور اعتبار حاصل کرتے ہیں۔ یہ ہمارا روحانی خزانہ ہیں۔ اکثر اوقات ہم اپنا روحانی خزانہ خرچ کرنے سے زیادہ بچا لیتے ہیں تاکہ مستقبل میں استعمال ہو سکے۔

آپ اپنا روحانی خزانہ دوسروں پر اثرانداز ہونے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں کہ وہ خدا کی خدمت کریں اور آپ پر مہربان ہوں جو کہ آخرکار خدا کی بادشاہی کے لئے فائدے مند ثابت ہو۔ خدا ہمیں ہماری ذاتی ضرورت سے زیادہ روحانی خزانہ دیتا ہے۔ کچھ دوسروں کے فائدے کے لئے خرچیں۔ اپنا روحانی خزانہ زمین پر ہی خرچ کر لیں۔ آپ کو آسمان میں اِس کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

**آج کی دعا:** باپ! مَیں ایک اچھا سرمایہ کار بننا چاہتا ہوں۔ اپنے پاک روح کے ذریعے سے مجھ پر ظاہر کر کہ مَیں ہر اُس موقعے سے جو تُو مجھے دیتا ہے کیسے سب سے زیادہ فائدہ حاصل کروں۔ میری مدد کر کہ مَیں جانوں کہ دوسروں میں کب اور کتنا خرچ کروں۔ جو کچھ میرے پاس ہے سب تیرا عطا کیا ہوا ہے۔

**آج کی آیات:**

یوحنا 4:9

''جس نے مجھے بھیجا ہے ہمیں اُس کے کام دن ہی دن کو کرنا ضرور ہے۔ وہ رات آنے والی ہے جس میں کوئی شخص کام نہیں کرسکتا۔''

افسیوں 16:5

''اور وقت کو غنیمت جانو کیونکہ دن بُرے ہیں۔''

# اپریل 5

"یہ بات معنی نہیں رکھتی کہ کون سب سے پہلے اُوپر پہنچتا ہے۔"

ہمارے دوسروں پر سبقت لے جانے والے معاشرے میں اکثر جیتنے کے لئے اِس بات پر زور دیا جاتا ہے کہ کون سب سے پہلے اُوپر پہنچے گا۔ اِس کے نتیجے میں بہت سی بڑی کمپنیوں کے کارگزار اُمنگ کے مذبحے پر اپنی دیانت قربان کر چکے ہیں۔ وہ اِس اہم سچائی کو بھول گئے ہیں کہ دوڑ سے زیادہ ضروری یہ ہے کہ یہ کیسے دوڑی جاتی ہے۔ ہم دوڑ کب ختم کریں اِس سے زیادہ ضروری یہ ہے کہ اِس کے اختتام تک ہم قائم کیسے رہتے ہیں۔ بہت سے لوگ جو اُوپر تک پہنچ جاتے ہیں مگر اِس لئے جاتے ہیں کیونکہ اُن کا اُونچائی کی طرف سفر بہت سے متبادل راستوں اور غیر اخلاقی فیصلوں سے مل کر بنا ہوتا ہے اور اُس کی قیمت اُنہیں اُن کے حساب سے زیادہ دینی پڑتی ہے۔

آپ کا کیا حال ہے؟ کہیں آپ کا تکبر اور غلط جوش، دھوکے کے ایندھن سے تیزی سے آپ کو اُوپر تو نہیں لے جا رہے؟ اپنی ذاتی دوڑ کے لئے جرأت، مستقل مزاجی اور برداشت کے ساتھ اپنا راستہ ہموار کریں۔ کسی اَور شخص کی بھی یہ فہرست بنانے میں مدد کریں۔ ایسے قدم اُٹھائیں اور خدا میں ایسے فیصلے کریں کہ جب آپ بلندی پر پہنچیں تو وہاں قیام کرسکیں۔

**آج کی دعا:** باپ! میری مدد کر کہ مَیں اِس بات پر دھیان دوں کہ مَیں اپنی دوڑ کیسے دوڑ رہا ہوں۔ مَیں اِس غلط تصور پر یقین نہیں کرنا چاہتا کہ سب سے پہلے آگے پہنچنے کا مطلب ہے کہ مَیں بہترین ہوں۔ میری مدد کر کہ مَیں اپنی زندگی کے ہر حصّے کی رہنمائی تیرے کلام کے مطابق کروں۔

**آج کی آیات:**

متّی 30:19

"لیکن بہت سے اوّل آخر ہو جائیں گے اور آخر اوّل۔"

متّی 33:6

"بلکہ تم پہلے اُس کی بادشاہی اور اُس کی راست بازی کی تلاش کرو تو یہ سب چیزیں بھی تم کو مِل جائیں گی۔"

# اپریل 6

''اصل بڑھوتی آپ کے وسائل کا مطالبہ کرے گی۔''

زندگی میں ایک بات طے ہے کہ روحانی، جسمانی، ذہنی اور دوسروں کے ساتھ رشتے میں بڑھنے کے لئے ہمیں قیمت ادا کرنے کے لئے راضی رہنا چاہئے۔ جیسے جسمانی بدن اچھی غذا کے فقدان کی وجہ سے کمزور ہو کر مر جاتا ہے اُسی طرح زندگی کے ہر حصّے کے لئے بھی یہ بات سچ ہے۔ ہم جب تک یہ نہیں سمجھ جاتے کہ اپنی خواہش کے مطابق کچھ حاصل کرنے کے لئے ہمیں کچھ خرچ کرنا پڑتا ہے، تب تک ہم زندگی میں نہ تو کبھی آگے بڑھ سکتے اور نہ ہی ترقی کر سکتے ہیں۔

اِس زندگی کے دوران ہمیں اپنے وسائل میں سے کچھ پیسہ، وقت اور محبت بڑے بے غرض انداز میں خرچ کرنے کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ اِس میں اپنے غرور کو دُور کرنا اور کسی ایسے شخص کو معاف کرنا بھی شامل ہوسکتا ہے جس نے ہمیں چوٹ پہنچائی ہو۔ اصل بڑھوتی آپ کے وسائل کا مطالبہ کرے گی۔ خود کو بڑھانے کے لئے تیار رہیں جیسے جیسے خدا آپ کو زیادہ استعمال کرنا شروع کرتا ہے۔

**آج کی دعا:** اے خداوند! میری مدد کر کہ خود کو وسیع کرنے کے لئے تیار رہوں اور زندگی میں بڑھنے کے لئے اپنے وسائل استعمال کروں۔ تجھ میں اگلی سطح پر جانے کے لئے مجھے حکمت، فہم و فراست اور خاص طور پر گہری تڑپ دے۔

**آج کی آیات:**

فلپیوں 12:3

''یہ غرض نہیں کہ مَیں پا چُکا یا کامل ہو چُکا ہوں بلکہ اُس چیز کے پکڑنے کے لئے دوڑا ہوا جاتا ہوں جس کے لئے مسیح یسوع نے مجھے پکڑا تھا۔''

2- سموئیل 24:24

''تب بادشاہ نے ارَونا ہ سے کہا نہیں بلکہ مَیں ضرور قیمت دے کر اُس کو تجھ سے خریدوں گا اور مَیں خداوند اپنے خدا کے حضور ایسی سوختنی قربانیاں نہیں گزرانوں گا جن پر میرا کچھ خرچ نہ ہوا ہو۔ سو داؤد نے وہ کھلیان اور وہ بیل چاندی کی پچاس مثقالیں دے کر خریدے۔''

# اپریل 7

''ہماری زندگی کو ایسی تحریر ہونا چاہیئے جسے صرف خدا لکھ سکے۔''

جب ایک دفعہ ہم اپنی زندگی مسیح کو دے دیتے ہیں تو وہ ہمارے تمام گناہ ڈھانپ دیتا ہے۔ پُرانی چیزیں چلی جاتی اور سب نئی ہو جاتی ہیں۔ ہماری صلاحیت ہمارے تصور اور سمجھ سے بڑھ جاتی ہے۔ اگر ہماری زندگی خدا کے ہاتھ میں ہو تو وہ حیران کن تحفوں، اکثر انعامات اور کامیابیوں سے بھری ہوتی ہے جو مِل کر ہمیں بڑھنے کا چیلنج دیتی ہیں۔

شاید جو چیز ہمیں حیران کر دے وہ خدا کا منصوبہ ہو۔ تاہم ہماری زندگی کو ایسی تحریر ہونا چاہیئے جسے صرف خدا لکھ سکے اور وہ کوئی ناکامیاں نہیں لکھتا۔ اِس لئے اپنی زندگی خدا کے ہاتھ میں دے دیں اور جب آپ کو وہ ملے جس کے آپ مستحق نہیں اور جس کو آپ سوچ نہیں سکتے اور اُمید نہیں کرتے تو مایوس نہ ہوں۔ خدا پر بھروسا رکھیں اور وہ تحریر بنتے جائیں جو وہ آپ کی فتح کے لئے لکھ رہا ہے۔ وہ کبھی غلط نہیں لکھتا۔

آج کی دعا: اے باپ! مَیں ماضی کی ساری گندگی کو صاف کرنے کے لئے تیرا شکر کرتا ہوں۔ یہ مجھے ایک نیا دن، نیا موقع، نئی اُمید اور نیا مستقبل دیتا ہے۔ مَیں پورے دل سے چاہتا ہوں کہ تُو میری ابھی کی اور ابدیت کی زندگی کے صفحوں کو لکھے۔

آج کی آیات:

1- کرنتھیوں 23:7

''تم قیمت سے خریدے گئے ہو۔ آدمیوں کے غلام نہ بنو۔''

عبرانیوں 9:5

''اور کامل بن کر اپنے سب فرماں برداروں کے لئے ابدی نجات کا باعث ہوا۔''

مرقس 22:11

''یسوع نے جواب میں اُن سے کہا خدا پر ایمان رکھو۔''

# اپریل 8

''اپنا ذہن، دل اور ہاتھوں کوکھیل کے میدان میں رکھیں۔''

کوئی کھیل جیتنے کے لئے یا زندگی میں کچھ بڑا اور اہم حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم اُس کام کو پورے دھیان اور توجہ سے کریں۔ آدھے دل اور بٹی ہوئی توجہ سے کیا گیا کام اُدھورے نتائج کے علاوہ کچھ نہیں دیتا۔ جیسے کہ کہا جاتا ہے کہ جوشخص کوئی کام کرنے کے قابل ہے وہ اُسے درست طریقے سے کرنے کے بھی قابل ہے۔ کچھ بھی درست طریقے سے سرانجام دینا ذہن، دل اور عمل کا ملاپ مانگتا ہے۔

خدا کی مخلوق ہونے کے ناطے ہم تب ہی بہترین کام کر سکتے ہیں جب ہم اپنے تثلیثی وجود کے ہر اقنوم کو اپنی بلاہٹ اور نشان کی طرف مکمل تناسب میں استعمال کریں۔ اپنا ذہن، دل اور ہاتھ کھیل کے میدان میں رکھنا ہی آپ کی کامیابی محفوظ کرے گا۔ کیا آپ اپنی موجودہ بلاہٹ اور مستقبل کے خوابوں کے لئے پوری جان لگا رہے ہیں؟

آج کی دعا: باپ! آج میری مدد کر کہ مَیں اپنا آپ پورے طور سے تیری خدمت کے لئے استعمال کروں۔ میری مدد کر کہ مَیں یہ سمجھ پاؤں کہ کامیاب ہونے کے لئے مجھے اپنے ذہن، دل اور ہاتھوں سے کام لینا چاہئے۔ اے خداوند! مجھے اپنی راہ سکھا۔

آج کی آیات:

1- تھسلنیکیوں 23:5

''خدا جو اطمینان کا چشمہ ہے آپ ہی تم کو بالکل پاک کرے اور تمہاری روح اور جان اور بدن ہمارے خداوند یسوع مسیح کے آنے تک پورے پورے اور بے عیب محفوظ رہیں۔''

اِستثنا 18:11

''اِس لئے میری اِن باتوں کوتم اپنے دل اور اپنی جان میں محفوظ رکھنا اور نشان کے طور پر اُن کو اپنے ہاتھوں پر باندھنا اور وہ تمہاری پیشانی پر ٹیکوں کی مانند ہوں۔''

2- سموئیل 14:6

''اور داؤد خداوند کے حضور اپنے سارے زور سے ناچنے لگا اور داؤد کتان کا افُود پہنے تھا۔''

# اپریل 9

''کبھی بھی پورے طور سے اُس شخص کا بھروسا نہ کریں جو لنگڑا کر نہیں چلتا۔''

جب کسی پیشوا کے پیچھے چلیں، اِصلاح لیں، یا تعلیم کے لئے اپنا آپ تابع کریں تو ہمیں اُن کی زندگی کے تجربات میں اُتنی ہی دلچسپی لینی چاہئے جتنی کہ اُن کی تعلیمی قابلیت میں۔ زندگی کی کلاس میں سیکھے ہوئے اسباق اکثر ایک شخص کو ایسا ماہر بنا دیتے ہیں کہ اُس کے پیچھے چلا جا سکتا ہے۔

جب ہم مسیح کے ساتھ چلتے ہیں تو ہماری زندگی میں بہت سے موسم آتے ہیں۔ کچھ موسم خدا کا کلام سننے کے ہوتے ہیں اور کچھ موسم دُکھ اور مصیبتوں کے۔ یہ وقت سیکھے ہوئے کلام کو آزماتے ہیں۔ خدا کے کلام کے ہر طالب علم کے عملی تجربے کے لئے ضروری ہے کہ اُس کا ایمان آزمایا جائے۔ جب ہم سیکھی ہوئی چیزوں کو زندگی کے حالات میں عمل میں لاتے ہیں تو امتحانات گواہی بن جاتے ہیں۔ اکثر ہماری جدوجہد اور جنگ کے نشانات ہمیں توڑتے اور ساکھ اور مضبوطی دیتے ہیں تاکہ ہماری زندگی کو پورے طور سے ڈھال سکیں۔ یہی جنگ کے نشانات ہماری فتح کے نشانات بن جاتے ہیں۔

**آج کی دعا:** اے خداوند! مَیں اِس موقع کے لئے تیرا شکر کرتا ہوں کہ مَیں زندگی کی مشکلات اور مصیبتوں کے ذریعے تجھے جان پایا ہوں۔ میری زندگی تیری وفاداری اور اچھائی کی گواہی بن کر چمکے۔

**آج کی آیات:**

2- کرنتھیوں 14:2

''مگر خدا کا شکر ہے جو مسیح میں ہم کو ہمیشہ اسیروں کی طرح گشت کراتا ہے اور اپنے علم کی خوشبو ہمارے وسیلے سے ہر جگہ پھیلاتا ہے۔''

پیدائش 25:32

''جب اُس نے دیکھا کہ وہ اُس پر غالب نہیں ہوتا تو اُس کی ران کو اندر کی طرف سے چھُوا اور یعقوب کی ران کی نس اُس کے ساتھ کُشتی کرنے میں چڑھ گئی۔''

1- کرنتھیوں 57:15

''مگر خدا کا شکر ہے جو ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے ہم کو فتح بخشتا ہے۔''

# اپریل 10

''یسوع ہمیں ابدی سزا اور اِس زندگی کے دوزخ سے بچاتا ہے۔''

یسوع کے لئے فقط ایک فیصلے سے ہم ابدیت اُس کے ساتھ گزار سکتے ہیں۔لیکن وہ ہمیں نہ صرف ابدی دوزخ سے بلکہ اِس دُنیا کے دوزخ سے بھی بچاتا ہے۔ہمیں نئے سرے سے پیدا ہونا چاہئے اور اُس کے بعد روز مرہ کی زندگی میں پاک کلام کو استعمال کر کے اُس نئی پیدایش کے تجربے کو جینا چاہئے۔

آپ کا اپنے بارے میں کیا خیال ہے؟ کیا آپ خدا کے کلام کی قوت کوموقع دے رہے ہیں کہ وہ آپ کے حال اور مستقبل کو تبدیل کرے؟ کیا مشکل حالات میں، تلاش کے بعد آپ خدا کے کلام کو اپنی زندگی میں حتمی اختیار دیتے ہیں؟ صرف ابدی دوزخ سے نہ بچیں بلکہ خدا کے کلام پرعمل کر کے اِس دنیا کے دوزخ سے بھی بچیں۔

**آج کی دعا:** اے خداوند! ابدی گھر کے لئے تیراشکریہ۔مَیں تیرے کلام کے فراہم کردہ روزمرہ کے نسخے کے لئے تیرا شکر کرتا ہوں جو مجھے اِس زندگی کی ہرمشکل،مصیبت اور آزمائش سے بچاتا ہے۔ میری مدد کر کہ مَیں تجھ پر بھروسا کروں تا کہ نہ صرف اِس زندگی میں بلکہ آنے والی زندگی میں بھی میرے پاس اطمینان ہو۔

**آج کی آیات:**

1- یوحنا 22:3

''اور جو کچھ ہم مانگتے ہیں وہ ہمیں اُس کی طرف سے ملتا ہے کیونکہ ہم اُس کے حکموں پرعمل کرتے ہیں اور جو کچھ وہ پسند کرتا ہے اُسے بجا لاتے ہیں۔''

مرقس 10:29-30

''یسوع نے کہا مَیں تم سے سچ کہتا ہوں کہ ایسا کوئی نہیں جس نے گھر یا بھائیوں یا بہنوں یا ماں یا باپ یا بچوں یا کھیتوں کو میری خاطر اور انجیل کی خاطر چھوڑ دیا ہو اور اب اِس زمانے میں سو گُنا نہ پائے۔ گھر اور بھائی اور بہنیں اور مائیں اور بچے اور کھیت مگر ظلم کے ساتھ اور آنے والے عالَم میں ہمیشہ کی زندگی۔''

# 11 اپریل

''سب شیطان جھوٹے ہیں لیکن سب جھوٹے شیطان نہیں۔''

ابلیس جھوٹا ہے۔ بائبل کہتی ہے وہ جھوٹوں کا باپ ہے۔ سب جھوٹ اُس سے شروع ہوتے اور اُسی پر ختم ہوتے ہیں۔ سب سے بڑی قوت جو ابلیس استعمال کرتا ہے وہ دھوکا ہے۔ اُس کے سارے وجود کی بنیاد ہی اِس جھوٹ پر ہے کہ ہم یہ مان جائیں کہ ہماری زندگی یسوع کے بغیر بھی اچھی ہوسکتی ہے۔ وہ لوگوں کو، حالات کو، مشکلات کو استعمال کرتا ہے تاکہ ہم اِس جھوٹ پر یقین کر لیں۔

ابلیس کی کمزوریوں میں سے ایک کمزوری یہ ہے کہ اُس نے آپ کو کم سمجھا ہے۔ وہ سوچتا ہے کہ آپ آرام سے ہمت ہار جائیں گے۔ ہوسکتا ہو آپ ٹھیک نہ ہوں لیکن آپ کی سمت ٹھیک ہے کیونکہ آپ کے اندر وہ روح ہے جو سب سے بڑا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ آپ گناہ کریں اور دھوکے کے الفاظ بولیں، کسی کا غلط فائدہ اُٹھائیں یا دلیری سے جھوٹ بولیں۔ یہ سب باتیں آپ کو شیطان نہیں بناتیں لیکن اُس کے جیسے کام کرواتی ہیں۔ جھوٹ بولنا بند کریں اور خدا سے معافی مانگیں۔ محبت میں سچ بولیں یا کچھ نہ بولیں۔

آج کی دعا: اے باپ! مجھے یاد دِلا کہ مَیں نے ہمیشہ سچ بولنا ہے۔ میری مدد کر کہ مَیں اپنی حفاظت کے لئے تجھ پر بھروسا کروں، نہ کہ جھوٹ اور دھوکے سے اپنی حفاظت کروں۔ مَیں تیرا ہوں اور مَیں دشمن کے اِس دھوکے میں نہیں آؤں گا کہ میری زندگی یسوع کے بغیر اچھی ہوسکتی ہے۔

آج کی آیات:

افسیوں 15:4

''بلکہ محبت کے ساتھ سچائی پر قائم رہ کر اور اُس کے ساتھ جو سر ہے یعنی مسیح کے ساتھ پیوستہ ہو کر ہر طرح سے بڑھتے جائیں۔''

یوحنا 44:8

''تم اپنے باپ ابلیس سے ہو اور اپنے باپ کی خواہشوں کو پورا کرنا چاہتے ہو۔ وہ شروع ہی سے خونی اور سچائی پر قائم نہیں رہا کیونکہ اُس میں سچائی ہے نہیں۔ جب وہ جھوٹ بولتا ہے تو اپنی ہی سی کہتا ہے کیوں کہ وہ جھوٹا ہے بلکہ جھوٹ کا باپ ہے۔''

# اپریل 12

''اپنے ساؤل اور جاتی جولیت کے درمیان فرق کریں۔''

داؤد کی زندگی میں اُس کے دو اصل دشمن تھے اور اُس کا اِن دونوں کی طرف رویہ مختلف تھا۔ ساؤل بادشاہ بہت سال اُس کے پیچھے بھاگتا رہا کہ اُس کو مارے اور اُس کے مسح شدہ مستقبل کو تباہ کر دے۔ پھر ہماری زندگی میں جاتی جولیت ہوتے ہیں جو ہمیں چھیڑتے اور للکارتے ہیں۔ کیا چیز اِن دشمنوں کو الگ کرتی ہے؟ بے شک ساؤل بادشاہ داؤد کے لئے خطرناک تھا لیکن خدا نے اُس کو داؤد کی زندگی میں رکھا تھا اور داؤد کو ساؤل کے اختیار کے نیچے رکھا تھا۔ صرف خدا اُس کو تبدیل کر سکتا تھا۔ داؤد کو منع کیا گیا تھا کہ ساؤل کے اختیار کے خلاف آواز نہ اُٹھائے۔ جب کہ جاتی جولیت داؤد کے دشمن کے علاوہ کچھ نہ تھا۔ یہ داؤد کا حق اور ذمہ داری تھی کہ وہ جاتی جولیت کے خلاف کھڑا ہو اور اُس کے ہارنے پر نغمہ سرائی کرے۔

آپ کی زندگی کے دشمنوں میں سے ساؤل بادشاہ کون ہے جس سے خدا کو نمٹنا ہے اور جاتی جولیت کون ہے جس سے آپ کو نمٹنا ہے؟

**آج کی دعا:** اے باپ! مَیں تجھ سے پیار کرتا ہوں۔ میری مدد کر کہ مَیں اپنی اِصلاح کروں اور اپنی زندگی کے رہنماؤں پر بھروسا کروں۔ اگر وہ مجھے ہٹانے کی کوشش بھی کریں تو مجھے اِس مسئلے کو اپنے ہاتھوں میں لینے نہ دے۔ خداوند میری مدد کر کہ مَیں اُس جاتی جولیت کو تباہ کر دوں جو مجھے، تیرے لوگوں کو اور تجھے چھیڑتے اور لعنت کرتے ہیں۔ تیری اُس قوت کے لئے شکریہ جس سے ہم غالب آتے ہیں۔

**آج کی آیات:**

1-سموئیل 6:24

''اور اُس نے اپنے لوگوں سے کہا کہ خداوند نہ کرے کہ مَیں اپنے مالک سے جو خداوند کا ممسُوح ہے ایسا کام کروں کہ اپنا ہاتھ اُس پر چلاؤں اِس لئے کہ وہ خداوند کا ممسُوح ہے۔''

1-سموئیل 46:17

''اور آج ہی کے دن خداوند تجھ کو میرے ہاتھ میں کر دے گا اور مَیں تجھ کو مار کر تیرا سر تجھ پر سے اُتارلُوں گا اور مَیں آج کے دن فلستیوں کے لشکر کی لاشیں ہوائی پرندوں اور زمین کے جنگلی جانوروں کو دُوں گا تا کہ دنیا جان لے کہ اسرائیل میں ایک خدا ہے۔''

# اپریل 13

''اطمینان میں جائیں ٹوٹ پھوٹ کرنہیں۔''

خدا ہمیں موقع دیتا ہے کہ ہم اُسے پکاریں اور اُس کے پاس آجائیں چاہے جو بھی مشکل یا حالات ہماری زندگی میں چل رہے ہوں۔ جب ہم اُسے پکاریں گے تو وہ ہماری دعا سن لے گا، جواب دے گا اور وہ عظیم اور زورآور کام دکھائے گا جو ہم پہلے نہ جانتے تھے۔ اُس کے پاس ہماری زندگی کے سب مسائل اور پریشانیوں کا جواب ہے۔لیکن صرف پکارنے اور اُس کی حضوری میں اپنی درخواست لے جانے اور ہماری ستائش سے اِس بات کا تعین ہوتا ہے کہ وہ ہمارے ساتھ ہے۔ اُس کی حضوری میں کامل خوشی ہے۔لیکن ہمیشہ ہم اپنے دعائیہ کمرے میں بیٹھ کر اُس کا پیار، فضل اور محبت جذب نہیں کر سکتے۔ کیونکہ ایک وقت آتا ہے جب ہم باہر نکلتے اور لازماً زندگی کی مشکلات کا سامنا کرتے ہیں ۔

اِس طرح کے حالات میں خدا کی یہ امید ہے کہ ہم اطمینان میں جائیں، ٹوٹ پھوٹ کہ نہیں۔ خدا کا اطمینان جو دعا میں ملتا ہے روز مرہ کی زندگی میں تمہارے ساتھ رہے۔

**آج کی دعا:** اے باپ! تمام حالات میں اطمینان کے لئے تیرا شکریہ۔مَیں اپنی زندگی کے لئے تجھے اور تیرے منصوبے کو دیکھتا ہوں۔ میری مدد کر کہ مَیں تیرے اطمینان میں چلتے ہوئے ہر موقعے سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکوں۔

**آج کی آیات:**

فلپیوں 7:4

''تو خدا کا اطمینان جو سمجھ سے بالکل باہر ہے تمہارے دلوں اور خیالوں کو مسیح یسوع میں محفوظ رکھے گا۔''

فلپیوں 9:4

''جو باتیں تم نے مجھ سے سیکھیں اور حاصل کیں اور سُنیں اور مجھ میں دیکھیں اُن پر عمل کیا کرو تو خدا جو اطمینان کا چشمہ ہے تمہارے ساتھ رہے گا۔''

کلسیوں 15:3

''اور مسیح کا اطمینان جس کے لئے تم ایک بدن ہو کر بلائے بھی گئے ہو تمہارے دلوں پر حکومت کرے اور تم شکرگزار رہو۔''

# 14 اپریل

''خدا زندگی کے حق میں ہے، لیکن وہ انتخاب کی اجازت دیتا ہے۔''

کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کے ماضی کے انتخابات آپ کی زندگی کے مستقبل پر اثر کر چکے ہیں؟ آج آپ اپنے ماضی کے فیصلوں کو جی رہے ہیں۔ واہ! کیا نظریہ ہے ! مَیں اپنا کل تبدیل کر سکتا ہوں؟ ہاں خدا چاہتا ہے کہ ہم بہترین زندگی گزاریں، لیکن وہ زندگی اُس کی راہ اور اُس کے فیصلوں پر چلی ہوئی ہو نہ کہ ہمارے فیصلوں پر۔

جب ہم اپنے حالات اور آرام کے مطابق فیصلے کرتے ہیں تو ہم خدا کے بہترین کو قبول نہیں کرتے۔ وہ فیصلے نہ کریں جو آسان ہیں بلکہ قائمیت سے وہ فیصلے کریں جو آپ کی زندگی کے کردار کو چمکا دیں نہ کہ انتشار پھیلائیں۔ خدا زندگی کے حق میں ہے... خدا ہماری زندگی کے حق میں ہے، لیکن وہ ہمیں انتخاب کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

**آج کی دعا:** اے خدا! میری مدد کر کہ مَیں آج اچھے فیصلے لے کر اپنے کل کو اپنی منزل میں بدل سکوں جو تُو نے میرے لئے بنائی ہے۔ مَیں اَور زیادہ تجھ جیسا بننا چاہتا ہوں۔ مجھے اپنے پیارے بیٹے کی شبیہ پر ڈھال۔مَیں زندگی کو چننا چاہتا ہوں ۔

**آج کی آیات:**

یشوع 15:24

''اور اگر خداوند کی پرستش تم کو بُری معلوم ہوتی ہو تو آج ہی تم اُسے جس کی پرستش کرو گے چُن لو۔ خواہ وہ وہی دیوتا ہوں جن کی پرستش تمہارے باپ دادا بڑے دریا کے اُس پار کرتے تھے یا اموریوں کے دیوتا ہوں جن کے مُلک میں تم بسے ہو۔ اب رہی میری اور میرے گھرانے کی بات سو ہم تو خداوند کی پرستش کریں گے۔''

یسعیاہ 7:14-15

''لیکن خداوند آپ تم کو ایک نشان بخشے گا۔ دیکھو ایک کنواری حاملہ ہو گی اور بیٹا پیدا ہو گا اور وہ اُس کا نام عمانوایل رکھے گی۔ وہ دہی اور شہد کھائے گا جب تک کہ وہ نیکی اور بدی کے ردّ و قبول کے قابل نہ ہو۔''

یوایل 14:3

''گروہ پر گروہ اِنفصال کی وادی میں ہے کیونکہ خداوند کا دن اِنفصال کی وادی میں آ پہنچا۔''

# 15 اپریل

''کلیسیا جانے والوں، ٹھہرنے والوں، دعا کرنے والوں اور دینے والوں سے مل کر بنی ہوتی ہے... آپ کس خدمت کے لئے بلائے گئے ہیں۔''

کامیاب ہونے کے لئے ہر شخص کو اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے بے شک وہ کھیل ہی کیوں نہ ہو۔ اگر یہ بات کھیلوں کے لئے سچ ہے تو کتنی زیادہ خدا اور شیطان کے مابین ہونے والی جنگ کے لئے سچ ہو گی جو وہ بنی آدم کی روحوں کے لئے لڑ رہے ہیں؟ کلیسیا صرف خدا کا خاندان، بدن اور مسیح کی دلہن ہی نہیں بلکہ زمین پر خدا کی فوج ہے۔

کلیسیا بلائے ہوئے اور اکٹھے بلائے ہوئے لوگوں کی ایک جماعت ہے جس میں ہر شخص کے پاس ایک ذمہ داری اور کام ہے کہ وہ اپنی کوششوں کو کامیاب بنائے۔ ہم اُن لوگوں سے مل کر بنے ہیں جو جا کر دوسروں کو بتائیں گے، کام کے ساتھ کھڑے ہوں گے، جو اُس کام کے لئے دعا کریں گے اور جو اُس مہم کی مالی اِمداد کریں گے۔ خدا نے آپ کو اِن میں سے کیا کرنے کے لئے بلایا ہے؟ اپنی جگہ سنبھالیں... آئیں چلیں، آئیں لڑیں، آئیں جیتیں۔

**آج کی دعا:** اے خدا! مَیں تیری بادشاہی اور مسیح کے لئے اپنے حصے کا کام کرنے کا عہد کرتا ہوں۔ اے خداوند! مجھے تیار کر، استعمال کر اور دکھا کہ مَیں کس لئے بلایا گیا ہوں۔مَیں تیرے حکم کا غلام ہوں۔

**آج کی آیات:**

رومیوں 4:12

''کیونکہ جس طرح ہمارے ایک بدن میں بہت سے اَعضا ہوتے ہیں اور تمام اَعضا کا کام یکساں نہیں۔''

1- کرنتھیوں 12:12

''کیونکہ جس طرح بدن ایک ہے اور اُس کے اَعضا بہت سے ہیں اور بدن کے سب اعضا گو بہت سے ہیں مگر باہم مِل کر ایک ہی بدن ہیں اُسی طرح مسیح بھی ہے۔''

افسیوں 16:4

''جس سے سارا بدن ایک جوڑ کی مدد سے پیوستہ ہو کر اور گٹھ کر اُس تاثیر کے موافق جو بقدر ہر حصّہ ہوتی ہے اپنے آپ کو بڑھاتا ہے تاکہ محبت میں اپنی ترقی کرتا جائے۔''

# 16 اپریل

''کون ٹھیک ہے اُتنا اہم نہیں جتنا یہ ہے کہ کیا ٹھیک ہے۔''

جب کبھی کبھار ہم کسی دوسرے شخص کے ساتھ بحث کر رہے ہوتے ہیں تو ہمارے دلائل ہماری دلچسپی سے حوصلہ پکڑتے ہیں۔ عام طور پر ہمارے خیالوں اور باتوں کی بنیاد اِس پر ہوتی ہے کہ ہمارے لئے کیا بہتر ہے اور کیا چیز ہمیں ہمارا مُدّعا ثابت کرنے میں مدد کرے گی۔ ہر شخص اپنی نظروں میں ٹھیک ہوتا ہے، لیکن ہر شخص حقیقت میں ٹھیک نہیں ہوتا۔ اپنا نظریہ وسیع کرنے کے لئے یہ مشق کریں۔ اگلی بار جب آپ کسی سے متفق نہ ہوں تو یہ کام کریں کہ اپنی جگہیں تبدیل کر لیں۔ آپ اُن کے نظریے کو ٹھیک کرنے کے دلائل دیں اور وہ آپ کے۔

یہ دونوں مشقیں خطرناک اور باعثِ تعلیم بھی ہو سکتی ہیں۔ وہ لوگ جو بہتر فیصلے کے پیچھے ہوتے ہیں جب نظریہ تبدیل کرنے والی مشق کرتے ہیں تو یہ اُن کے لئے مسائل کے حل کا قابلِ قدر ذریعہ بن جاتا ہے۔ اکثر اوقات جدوجہد یکجہتی کے لئے ایک ضروری قدم ہوتا ہے۔

**آج کی دعا:** اے باپ! میری مدد کر کہ مَیں دوسروں کی رائے کی قدر کروں اور اُن کی صلاحیت کو اپنی صلاحیت کے برابر جانوں۔ مجھے فضل دے کہ مَیں اُن کی عزت کروں جو مجھ سے اختلاف کرتے ہیں اور وہ سب جو اِس میں شامل ہیں اُن کے لئے بہتر نتیجے پر پہنچوں۔ مجھے میری اور دوسروں کی آنکھوں کے ذریعے سچائی دکھا۔

**آج کی آیات:**

یسعیاہ 18:1

''اب خداوند فرماتا ہے آؤ ہم باہم حجت کریں۔ اگرچہ تمہارے گناہ قرمزی ہوں وہ برف کی مانند سفید ہو جائیں گے اور ہر چند وہ ارغوانی ہوں تو بھی اُون کی مانند اُجلے ہوں گے۔''

اعمال 17:11

''پس جب خدا نے اُن کو بھی وہی نعمت دی جو ہم کو خداوند یسوع مسیح پر ایمان لا کر ملی تھی تو مَیں کون تھا کہ خدا کو روک سکتا؟''

گلتیوں 11:2

''لیکن جب کیفا انطاکیہ میں آیا تو مَیں نے رُوبرو ہو کر اُس کی مخالفت کی کیونکہ وہ ملامت کے لائق تھا۔''

# اپریل 17

''وہ جماعت جو بشارتی نہیں ہوتی، اکثر اوقات آدم خور بن جاتی ہے۔''

واحد ایک کام جو خدا نے کلیسیا کو کبھی دیا وہ یہ ہے کہ تمام دنیا میں جاؤ، خوش خبری کی منادی کرو اور شاگرد بناؤ۔ یسوع نے کہا کہ وہ کھوئے ہوؤں کو تلاش کرنے اور نجات دینے آیا ہے اور وہ کیسے خوشی سے 99 بھیڑوں کو چھوڑ کر ایک کھوئی ہوئی بھیڑ کے پیچھے جاتا ہے۔ یہ بات واضح ہے کہ ہم بشارتی خدمت یعنی روحیں جیتنے کے لئے اور یسوع مسیح کی جلالی انجیل کے گواہ بننے کے لئے بلائے گئے ہیں۔ جو اِس ذمہ داری کو نہیں نباہتا وہ کلیسیا کہلانے کے حق کو ہار چکا ہے۔

بہت سی کلیسیائیں چھوٹے مسائل اور دنیاوی فکروں پر بٹ جاتی ہیں جیسے کہ قالین کا رنگ، گیتوں کا انتخاب یا کرسمس ڈرامے میں اہم کردار کس کو ملا۔ اِسی دوران روحیں مر رہی اور دوزخ میں جا رہی ہیں جب کہ کلیسیا ایک دوسرے کو کاٹنے اور کھانے میں مصروف ہے۔ غیبت اور لڑائی کی خدا کے گھر میں کوئی جگہ نہیں۔ دوسروں کے کاموں میں دخل نہ دیں۔

آج کی دعا: اے خداوند! دعا ہے کہ مجھے اور دوسروں کی رفاقت کو بابرکت بنا، نہ کہ بحث وتکرار میں لوگوں کی روحوں کو تباہ کرتا رہوں ۔مَیں ذمہ داری کے ایک اعلیٰ رستے پر چلنے کا انتخاب کرتا ہوں۔

آج کی آیات:

1- تیمتھیُس 13:5

''اور اُس کے ساتھ ہی وہ گھر گھر پھر کر بے کار رہنا سیکھتی ہیں اور صرف بے کار ہی نہیں رہتیں بلکہ بک بک کرتی رہتی اور اَوروں کے کام میں دخل بھی دیتی ہیں اور ناشائستہ باتیں کہتی ہیں۔''

2- تھسلنیکیوں 11:3

''ہم سُنتے ہیں کہ تم میں بعض بے قاعدہ چلتے ہیں اور کچھ کام نہیں کرتے بلکہ اَوروں کے کام میں دخل دیتے ہیں۔''

امثال 30:11

''صادق کا پھل حیات کا درخت ہے اور جو دانش مند ہے دلوں کو موہ لیتا ہے۔''

# اپریل 18

''فتح مند زندگی کسی خاص وقت اور کسی خاص موقعے پر آتی ہے۔''

سُورمے پیدا نہیں ہوتے، ایک مدت میں تیار ہوتے ہیں۔ وہ واضح طور پر اپنی منزل کا تعین کرتے ہیں۔ زیادہ تر اولمپکس میں سونے کا تمغہ جیتنے والے اور مقابلے میں شامل ہونے والے اِس تمغے کو جیتنے کا خواب دیکھتے ہیں۔

کیا آپ نے کبھی بہترین ہونے کے بارے میں سوچا ہے... بہترین شوہر، بیوی، باپ، ماں، بیٹا، بیٹی یا خدا کا بہترین بچہ جو آپ بن سکتے ہیں کبھی سوچا ہے؟ یہ صرف ایک خواہش سے شروع ہوتا ہے۔ پھر آپ کو عظیم بننے کے لئے ایک منصوبہ بندی بنانا ضروری ہے۔ ریاضت وہ چیز ہے جو معمولی اور فتح مند لوگوں میں فرق کرتی ہے۔ آپ دیکھیں کہ فتح مند زندگی کسی خاص وقت اور کسی خاص موقعے پر آتی ہے۔ کبھی آپ بھی اپنی زندگی میں ایک سُورمے نہیں بن سکتے اگر آپ روزانہ جیتنا نہیں سیکھتے۔

**آج کی دعا:** اے باپ! میری مدد کر کہ مَیں مستقبل کے لئے رُوَیا اور روز کی منصوبہ بندی رکھوں۔ مجھے فضل دے کہ مَیں اپنا آج قربان کئے بغیر مستقبل پر توجہ دوں۔ مجھے یاد دِلا کہ بڑی چیز حاصل کرنے کے لئے مجھے چھوٹی چیزوں کو پورا کرنا ہے۔ مجھے وہ بہترین بننے کے لئے جو مَیں بن سکتا ہوں تیری مدد کی ضرورت ہے۔

**آج کی آیات:**

1- کرنتھیوں 24:9

''کیا تم نہیں جانتے کہ دوڑ میں دوڑنے والے دوڑتے تو سب ہی ہیں مگر انعام ایک ہی لے جاتا ہے۔''

عبرانیوں 1:12

''پس جب کہ گواہوں کا ایسا بڑا بادل ہمیں گھیرے ہوئے ہے تو آؤ ہم بھی ہر ایک بوجھ اور اُس گناہ کو جو ہمیں آسانی سے اُلجھا لیتا ہے دُور کر کے اُس دوڑ میں صبر سے دوڑیں جو ہمیں درپیش ہے۔''

# 19 اپریل

"کھانا ساتھ باندھنا مت بھولیں۔"

آج یسوع اپنی آنکھیں اُٹھاتا ہے اور ایک بڑے ہجوم کو اپنی طرف آتے دیکھتا ہے۔ وہ ہم سے پوچھ رہا ہے کہ ہم اِتنی بڑی بھیڑ کے لئے زندگی کی روٹی کہاں سے لائیں گے۔ یسوع پہلے ہی اِس سوال کا جواب جانتا ہے، لیکن وہ آپ سے اُمید کرتا ہے کہ آپ اِس ہجوم کو زندگی کی روٹی دیں۔ اگر آپ مرقس 9 باب کی کہانی کو جانتے ہیں تو ہمیں یہ پتا لگتا ہے کہ شاگرد نہیں جانتے تھے کہ کیا کِیا جائے۔ وہ اپنے دن کے لئے تیار نہ تھے اور نہ ہی کھانا ساتھ باندھنے کی ضرورت کو سمجھتے تھے۔

خدا کے ہاتھ میں تھوڑا بھی بہت ہے اور سادہ چیزیں جو ہم اُسے دے سکتے ہیں وہ ایک بڑا فرق پیدا کر سکتی ہیں۔ اُس وقت ایک نوجوان نے اپنا وقت نکال کر تیاری کی۔ اِس کے نتیجے میں یسوع نے اُس کی شخصی تیاری کو لے کر اُسے اُن ہزاروں کی ضروریات پوری کرنے کے لئے استعمال کیا جو بغیر تیاری کے آئے تھے۔ کھانا ساتھ باندھنا مت بھولیں۔ ہر روز صبح خدا کی آواز سننے کے لئے وقت نکالیں اور جہاں بھی جائیں اِس پر عمل کریں۔

**آج کی دعا:** باپ تیرا شکر ہے کہ مَیں نظم و ضبط میں رہنے والا شخص ہوں۔ مَیں اپنے مستقبل کی تیاری کے بارے میں پُرجوش ہوں۔ مَیں آج ہی منصوبہ بندی کا آغاز کرتا ہوں تاکہ جب تُو مجھے بلائے تو مَیں تیار ہووٗں۔ اُس تھوڑے کو جو میرے پاس ہے استعمال کر کہ مَیں بہتوں کو کھانا کھلا سکوں۔ مَیں حاضر ہوں۔

**آج کی آیات:**

یوحنا 5:6

"پس یسوع نے اپنی آنکھیں اُٹھا کر دیکھا کہ میرے پاس بڑی بھیڑ آ رہی ہے تو فلپس سے کہا کہ ہم اُن کے کھانے کے لئے کہاں سے روٹیاں مول لیں؟"

یوحنا 9:6

"یہاں ایک لڑکا ہے جس کے پاس جَو کی پانچ روٹیاں اور دو مچھلیاں ہیں مگر یہ اِتنے لوگوں میں کیا ہے؟"

# اپریل 20

''بادشاہی کی ثقافت کو اپنائیں۔''

پوری دنیا، ہر قوم اور یقیناً بہت سے علاقے مختلف ثقافتوں، قبیلوں اور رسموں رواجوں کے لوگوں کے گروہوں سے آباد ہیں۔ ہر شخص اپنے آبا و اجداد سے ملنے والی وراثت اور تاریخ سے لطف اندوز ہوتا ہے جنہوں نے ہر گروہ کو مخصوص رسومات اور اختلافات دیئے۔ ہماری ثقافت ہمیں بتاتی ہے کہ کیا ٹھیک ہے اور کیا غلط، کیا قابلِ قبول ہے اور کیا نا قابلِ قبول ہے اور یہی ایک پلیٹ فارم قائم کرتا ہے جہاں ہم زندگی کے قوانین بناتے ہیں تا کہ ہم دوسروں کے ساتھ اپنے ہی معاشرے میں محفوظ رہ سکیں۔

ہماری ثقافت ہمیں دوسروں سے نہ صرف جوڑتی ہے بلکہ اُن سے جدا بھی کرتی ہے جو ہمارے مشترکہ عقائد اور زندگی کے آداب کو قبول نہیں کرتے۔ ایک ثقافت میں قابلِ قبول بات شاید کسی دوسرے میں جائز نہ ہو۔ اِسی وجہ سے مسیح میں ایماندار اور کلیسیا کے لوگوں کو اپنی نئی پیدائش سے بڑھ کر بادشاہی کی ثقافت کو اپنانا چاہئے۔ ہمیں پوری کوشش کرنی چاہئے کہ اپنی پرانی شخصیت اُتار کر خود کو نئی مخلوق بنائیں، آسمان کا شہری اور خدا کا فرزند۔ بادشاہی کی ثقافت کو اپنائیں۔

**آج کی دعا:** اے باپ! مجھے اپنی راہ سکھا جیسے مَیں اپنے سے بڑھ کر تیری بادشاہی کی روایت اور رواج کو اپناتا ہوں۔ میری مدد کر کہ مَیں وہاں تبدیلی لا سکوں جہاں ضرورت ہے۔

**آج کی آیات:**

متّی 3:18

''یسوع نے کہا مَیں تم سے سچ کہتا ہوں کہ اگر تم توبہ نہ کرو اور بچوں کی مانند نہ بنو تو آسمان کی بادشاہی میں ہرگز داخل نہ ہو گے۔''

افسیوں 20:3

''اب جو ایسا قادر ہے کہ اُس قدرت کے موافق جو ہم میں تاثیر کرتی ہے ہماری درخواست اور خیال سے بہت زیادہ کام کر سکتا ہے۔''

افسیوں 19:2

''پس اب تم پردیسی اور مسافر نہیں رہے بلکہ مقدسوں کے ہم وطن اور خدا کے گھرانے کے ہو گئے۔''

# اپریل 21

''ہم خدا کے ساتھ رشتہ قانون کی بنا پرنہیں جوڑ سکتے۔''

خدا ایسی رُوَیا کا خدا ہے جو ہماری سوچوں، اُصولوں اور اُن ارادوں سے بڑھ کر ہے جو ہم اُس کی مرضی پوری کرنے کے لئے کرتے ہیں، کیونکہ اُس کے منصوبے افضل ہیں۔ آپ کی منزل کا تعین ہاتھ دیکھنے سے نہیں ہوتا بلکہ خدا کے منصوبے کی ترتیب سے ہوتا ہے جو اِنسان کی صلاحیت سے بڑھ کر ہے۔ اُس کے رستے ہمارے لئے بہترین ہیں۔ اِس سبب سے ہر انفرادی، خاندانی اور کلیسیا سے جڑے ہوئے تمام مسائل کو روح القدس کی ہدایت سے چلنا چاہیئے نہ کہ صرف جمہوری طریقے سے۔

خدا غلط نہیں ہے۔ خدا بہت بڑا ہے اور اُس کی حکمت محدود ہے۔ اِس سے فرق نہیں پڑتا کہ دوسرے نمبر پر کون ہے جب پہلے نمبر پر خدا ہے۔ ایک کلیسیا یا شخص لامحدود اچھائی اور ترقی کر سکتے ہیں اگر وہ اِس چیز کی پروا نہ کریں کہ کام کے لئے عزت کس کو ملتی ہے۔

آج کی دعا: اے خدا! میری رہنمائی کر کہ مَیں روح کی ہدایت سے چل سکوں اور مجھے فضل اور اعتماد بخش کہ مَیں اُن پیشواؤں کے پیچھے چل سکوں جو تُو نے میری زندگی میں رکھے ہیں، جن کو تُو نے چنا ہے۔ مَیں اُن کی حمایت کروں گا اور وفادار رہوں گا۔ اِس کے ساتھ ساتھ میری رہنمائی اپنے روح کی ہدایت سے کر۔

آج کی آیات:

رومیوں 14:8

''اس لئے کہ جتنے خدا کے روح کی ہدایت سے چلتے ہیں وہی خدا کے بیٹے ہیں۔''

گنتی 3:16

''اور وہ موسیٰ اور ہارون کے خلاف اکھٹے ہو کر اُن سے کہنے لگے تمہارے تو بڑے دعوے ہو چلے۔ کیوں کہ جماعت کا ایک ایک آدمی مقدس ہے اور خداوند اُن کے بیچ رہتا ہے سو تم اپنے آپ کو خداوند کی جماعت سے بڑا کیوں کر ٹھہراتے ہو؟''

# اپریل 22

''زندگی آپ کو پریشان کرے گی، تعلیم دے گی یا حوصلہ دے گی انتخاب آپ کا ہے۔''

کئی بار اچھے لوگوں کے ساتھ بُری چیزیں ہو جاتی ہیں۔ جب یوسف کو غلامی میں بیچ دیا گیا اور وہ اپنے خواب سے کم تر زندگی جیتا رہا تو اُس نے اچھا رویہ رکھا اور انتظار کیا کہ خدا اُس کو چھڑائے گا۔ جب سب تاریک تھا اور شاید اُس کو اپنا آپ بادشاہ کی جیل میں رَدّ کیا ہوا محسوس ہوتا ہو، خدا یوسف کے لئے کام کرتا رہا جو بالآخر اچھا ہوا۔ ابلیس کا منصوبہ یہ ہے کہ وہ آپ کی زندگی کے حالات کے سبب آپ کو اور آپ کی منزل کو تباہ کر دے۔ خدا آپ کی زندگی کے حالات کو لیتا ہے اور ایک اُمید اور مستقبل کا تعین کرتا ہے۔

جب ہم زندگی کی مشکلات سے گزرتے ہیں تو ہمیں پہلے ہی یہ سوچنا چاہئے کہ ابلیس کا منصوبہ تو بُرا ہے پر خدا اُس کو بہتر بنا دے گا۔ زندگی کو اجازت نہ دیں کہ وہ آپ کو پریشان کرے۔ زندگی بہت چھوٹی ہے اِس لئے ہر وقت پریشان نہ رہیں بلکہ زندگی کو موقع دیں کہ وہ آپ کو ایسی تعلیم اور حوصلہ دے جو واقعی معانی رکھتے ہوں ۔۔۔۔ خدا کی اُمید۔

**آج کی دعا:** اے باپ! یسوع نام میں میری مدد کر کہ زندگی کے طوفان سے گزر سکوں۔مَیں تیری مدد سے فتح مند ہوں گا اور اِن مشکلات پر غلبہ پاؤں گا۔مَیں جانتا ہوں کہ تیرا منصوبہ میری زندگی کے لئے بڑا ہے اور تُو میرے دشمنوں کو زندگی کے سبق میں تبدیل کر دے گا۔ تیرا شکر ہو۔ آمین

**آج کی آیات:**

2- کرنتھیوں 4:17-18

''کیوں کہ ہماری دم بھر کی ہلکی سی مصیبت ہمارے لئے اَزحد بھاری اور ابدی جلال پیدا کرتی جاتی ہے۔ جس حال میں کہ ہم دیکھی ہوئی چیزوں پر نہیں بلکہ اَن دیکھی چیزوں پر نظر کرتے ہیں کیوں کہ دیکھی ہوئی چیزیں چند روزہ ہیں مگر اَن دیکھی چیزیں ابدی ہیں۔''

پیدائش 50:20

''تم نے تو مجھ سے بدی کرنے کا اِرادہ کیا تھا لیکن خدا نے اُسی سے نیکی کا قصد کیا تا کہ بہت سے لوگوں کی جان بچائے چنانچہ آج کے دن ایسا ہی ہو رہا ہے۔''

خروج 1:12

''پر اُنہوں نے جتنا اُن کو ستایا وہ اُتنا ہی زیادہ بڑھتے اور پھیلتے گئے۔ اِس لئے وہ لوگ بنی اِسرائیل کی طرف سے فکر مند ہو گئے۔''

# اپریل 23

''کبھی بھی اُس چیز کو جو آپ کے اُوپر کام کرتی ہے اپنے اندر نہ کام کرنے دیں ورنہ وہ آپ کے ذریعے کام کرے گی، بلکہ خدا کے کلام کو موقع دیں کہ وہ آپ کے اندر کام کرے تا کہ آپ پر وہ اثر انداز نہ ہو جو آپ کے اُوپر کام کرتا ہے اور خدا آپ کے ذریعے کام کرے گا۔''

زندگی آپ پر اِس وقت کام کر رہی ہے۔ صبح اٹھنے اور رات کو بستر پر جانے تک یہ دنیا کوشش کر رہی ہے کہ آپ پر غالب آ جائے۔ اگر ہم دھیان نہیں کریں گے تو یہ دباؤ ہم پر کام کرتا رہے گا اور ذہنوں میں اُتر کر ہمارے خیالات پر حکومت کرے گا اور ہمارے اِحساسات کو قابو میں لے لے گا۔ جو چیز بھی ہم پر کام کرتی ہے ہم میں سے کام کرنا چاہتی ہے تا کہ لوگوں پر اثر انداز ہو سکے۔

ہمیں خدا کے کلام کو اپنے اندر موقع دے کر اُس بات کا علاج کرنا چاہئے جو ہم پر اثر انداز ہوتی ہے اور پھر کائنات کے خالق کو موقع دیں کہ آپ کے ذریعے کام کر سکے۔ اپنے ذہن میں رکھیں کہ خدا کے کلام کی مستقل خوراک کے بغیر دنیا کا فلسفہ آپ کی زندگی میں جڑ پکڑ کر جیت سکتا ہے۔

**آج کی دعا:** اے باپ! مَیں تیرا شکر کرتا ہوں کہ تُو میرے نظریے کو تبدیل کر کے اپنے کلام ، مرضی اور رستے کے مطابق بنا رہا ہے۔ مَیں مٹی ہوں اور تُو کمہار ہے۔ جیسے تیرا کلام میرے اندر جاتا ہے یہ میرے اُوپر کام کرے تا کہ تُو مجھ میں سے کام کر سکے۔ میری زندگی میں تیری مرضی پوری ہو۔ آمین

**آج کی آیات:**

2- کرنتھیوں 4:17-18

''کیونکہ ہماری دَم بھر کی ہلکی سی مصیبت ہمارے لئے اَزحد بھاری اور ابدی جلال پیدا کرتی جاتی ہے۔ جس حال میں کہ ہم دیکھی ہوئی چیزوں پر نہیں بلکہ اَن دیکھی چیزوں پر نظر کرتے ہیں کیوں کہ دیکھی ہوئی چیزیں چند روزہ ہیں مگر اَن دیکھی چیزیں ابدی ہیں۔''

پیدائش 20:50

''تم نے تو مجھ سے بدی کرنے کا اِرادہ کیا تھا لیکن خدا نے اُسی سے نیکی کا قصد کیا تا کہ بہت سے لوگوں کی جان بچائے چنانچہ آج کے دن ایسا ہی ہو رہا ہے۔''

خروج 12:1

''پر اُنہوں نے جتنا اُن کو ستایا وہ اُتنا ہی زیادہ بڑھتے اور پھیلتے گئے۔ اِس لئے وہ لوگ بنی اِسرائیل کی طرف سے فکر مند ہو گئے۔''

# اپریل 24

'' دھوکا کھانے کے بارے میں سب سے بُری بات یہ ہے کہ آپ جانتے نہیں کہ آپ کو دھوکا دیا گیا ہے۔''

آپ غلط ہونے کے احساس کو جانتے ہیں۔ یہ کیسا ہوتا ہے... یہ بُرا لگتا ہے۔بُرا لگتا ہے نا؟ اگر آپ کو خود محسوس نہیں ہوتا تو اِس کا ہر گز یہ مطلب نہیں کہ آپ غلط نہیں ہیں۔ یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ کیوں کہ جب تک ہمارا کہنا، یقین کرنا اور کام کرنا غلط ثابت نہیں ہو جاتا ہم محسوس ہی نہیں کرتے کہ ہم غلط ہیں۔

شاید ہی لوگ غلط ثابت ہونے کے بعد اپنے عقائد اور پیروی سے لپٹے رہیں۔ پھر کیوں اچھے مسیحیوں کی زندگی میں اِتنی غلطیاں ہیں؟ دھوکا کھانے کے بارے میں سب سے بُری بات یہ ہے کہ آپ جانتے نہیں کہ آپ کو دھوکا دیا گیا ہے۔

یہاں تک کہ حوا کو اگر پتا ہوتا کہ اُس کو دھوکا دیا گیا ہے تو وہ منع کیا ہوا پھل نہ کھاتی۔ ہم کیسے اِس بات کی تصدیق کر سکتے ہیں کہ ہم دھوکا نہیں کھا رہے؟ وہ کریں جو حوا نے نہیں کیا... خدا کے کلام سے لپٹے رہیں!ابلیس کہاں پر آپ سے چالاکی کھیل رہا ہے؟ پہچانیں اور حملہ کریں۔

**آج کی دعا:** باپ! مَیں تیرے کلام کے لئے اپنا دل اور ذہن کھولتا ہوں۔ مجھے اپنے احکام سکھا اور اپنی مرضی کو مجھ پر ظاہر کر۔مَیں اپنے آپ کو تیری سچائی کے تابع کرنے کا انتخاب کرتا ہوں۔ تیرا کلام سچائی ہے۔آمین

**آج کی آیات:**

یوحنا 33:16

'' مَیں نے تم سے یہ باتیں اِس لئے کہیں کہ تم مجھ میں اطمینان پاؤ۔ دنیا میں مصیبت اُٹھاتے ہو لیکن خاطر جمع رکھومَیں دنیا پر غالب آیا ہوں۔''

یعقوب 2:1

''اے میرے بھائیو! جب تم طرح طرح کی آزمایشوں میں پڑو تو اُس کو یہ جان کر کمال خوشی کی سمجھنا کہ تمہارے ایمان کی آزمایش صبر پیدا کرتی ہے۔''

1- تھسلنیکیوں 13:2

''اِس واسطے ہم بھی بلا ناغہ خدا کا شکر کرتے ہیں کہ جب خدا کا پیغام ہماری معرفت تمہارے پاس پہنچا تو تم نے اُسے آدمیوں کا کلام سمجھ کرنہیں بلکہ خدا کا کلام جان کر قبول کیا اور وہ تم میں جو ایمان لائے ہو تاثیر بھی کر رہا ہے۔''

# اپریل 25

## ''اِختیار کی کرسی حتمی ہوتی ہے۔''

'' چونکہ مَیں نے کہا تھا اِس لئے... ''

شاید یہ الفاظ ہم سب کے لئے جانے پہچانے ہیں۔ بچے ہونے کے ناتے ہم نے کتنی بار اپنے ماں باپ کا یہ جواب سنا ہوا ہے۔ زندگی میں جلد ہی ہم اختیار اور اجازت کے بارے میں سیکھنا شروع کر دیتے ہیں۔ گزرتے سالوں کے ساتھ ہم بہت سے اختیارات کے عادی ہو جاتے ہیں، جیسے استاد، مالک، حکومت اور ایسے ہی اَور۔ اِس رستے میں ہم اُن اختیار والوں کی سن سکتے ہیں یا اپنی مرضی کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ بالآخر سب کچھ اعلیٰ اختیار کے تابع کرنا پڑتا ہے، خواہ وہ انتخاب ہو یا زبردستی۔

ایک کامیاب اور پھل دار زندگی یہ سمجھنے میں ہے کہ اختیار کی کرسی حتمی ہوتی ہے۔ بائبل بتاتی ہے کہ خدا نے اپنے اختیار کو زمین اور آسمان میں قائم کیا ہے۔ تو بالآخر جب ہم اپنے اُوپر اختیار والوں کے اُصولوں اور رہنمائی پر چلتے ہیں تو ہم خدا کی نافرمانی یا فرماں برداری کرتے ہیں۔ اچھے خادم، اچھے شہری اور اچھی مثالیں قائم کرنے سے ہم خدا کی تعظیم کرتے اور خدا کے اچھے فرزند بنتے ہیں۔

**آج کی دعا:** اے باپ! مَیں تیرا اچھا فرماں بردار فرزند بننا چاہتا ہوں۔ مَیں جانتا ہوں کہ زندگی میرے بارے میں نہیں بلکہ تیرے بارے میں ہے۔ مجھے فضل دے کہ مَیں یاد رکھ سکوں کہ سارا اختیار تجھ سے ہی آتا ہے۔ مجھے سکھا کہ مَیں کیسے اختیار والوں کے ساتھ کام کر کے ایک اچھا مستقبل بنا سکتا ہوں۔

**آج کی آیات:**

1-تیم 14:2

''اور آدم نے فریب نہیں کھایا بلکہ عورت فریب کھا کر گناہ میں پڑ گئی۔''

یوحنا 17:17

''اُنہیں سچائی کے وسیلے سے مقدس کر۔ تیرا کلام سچائی ہے۔''

# اپریل 26

''جو چیز آپ نہیں چھوڑیں گے یا جس چیز کے بغیر آپ نہیں رہیں گے، وہ چیز آپ کی زندگی کو اپنی مرضی سے چلائے گی۔''

بائبل میں دو لوگ تھے جنہوں نے وہ کچھ دینے سے انکار کیا جو اُن کے پاس تھا۔ ایک وہ امیر آدمی تھا جس کا ذکر متی 19 باب میں ملتا ہے جس نے یسوع کے حکم کے باوجود غریبوں کو اپنا مال دینے سے انکار کر دیا۔ اُس نے اپنا پیسہ تو سنبھالے رکھا لیکن یسوع کے پیچھے چلنے کا موقع کھو دیا۔ دوسرا شخص پطرس رسول تھا جس کا ذکر ہمیں پھر متی 19 باب میں ملتا ہے۔ پطرس نے کہا کہ اُس نے اور باقی شاگردوں نے یسوع کے پیچھے چلنے کے لئے سب کچھ چھوڑ دیا۔ اِن دونوں آدمیوں میں کیا فرق ہے؟ اِتنا زیادہ نہیں۔

دونوں آدمیوں نے وہ دینے سے انکار کر دیا جس کی وہ قدر کرتے تھے۔ وہ امیر شخص اپنی دولت کو سب چیزوں سے اوّل سمجھتا تھا۔ جب کہ پطرس یسوع کے ساتھ رشتے کو زندگی سے بھی زیادہ عزیز رکھتا تھا۔ جو چیز آپ نہیں چھوڑیں گے یا جس چیز کے بغیر آپ نہیں رہیں گے، وہ چیز آپ کی زندگی اپنی مرضی سے چلائے گی۔

آج کی دعا: اے خداوند! تُو میرے دل کو جانتا ہے۔ مجھے دکھا کہ مَیں اپنی زندگی کو کیسے ترتیب دوں۔ میری مدد کر کہ جو ترجیحات تیری ہیں وہی میری بھی ہوں۔ مَیں تربیت یافتہ زندگی کی مثال بننا چاہتا ہوں تا کہ دوسرے اعتماد سے میرے پیچھے چل سکیں۔

آج کی آیات:

امثال 21:19

''آدمی کے دل میں بہت سے منصوبے ہیں، لیکن صرف خداوند کا ارادہ ہی قائم رہے گا۔''

رومیوں 13:1-2

''ہر شخص اعلیٰ حکومتوں کا تابع دار رہے کیونکہ کوئی حکومت ایسی نہیں جو خدا کی طرف سے نہ ہو اور جو حکومتیں موجود ہیں وہ خدا کی طرف سے مقرر ہیں۔ پس جو کوئی حکومت کا سامنا کرتا ہے وہ خدا کے انتظام کا مخالف ہے اور جو مخالف ہیں وہ سزا پائیں گے۔''

# اپریل 27

''اپنی منفی پاکیزگی میں مضبوط پاکیزگی کو شامل کیجئے۔''

بہت سے لوگ سوچتے ہیں کہ مسیحی ہونے کے ناتے وہ کچھ بھی ہنسی مذاق یا موج میلہ نہیں کر سکتے۔ اِس نظریے کومنفی پاکیزگی کہا جا سکتا ہے۔'' کیونکہ مَیں مسیحی ہوں تو مَیں کسی طرح بھی لطف اندوز نہیں ہو سکتا جیسے مَیں ہوا کرتا تھا...'' بُرے کام نہ کرنا پاکیزگی قائم کرنے کا اچھا طریقہ ہے،لیکن یسوع کے ساتھ رشتہ بُرے کام نہ کرنے سے بڑھ کر ہے۔

یسوع کہتا ہے کہ وہ ہمیں ایک مختلف زندگی کی پیشکش کرتا ہے۔۔۔ ایک الٰہی زندگی جو بامقصد اور بھرپور ہو۔ ایک حقیقی خوش باش زندگی یہ ہے کہ پہلے ہم ڈھونڈیں کہ کیا چیز اُس کو خوش کرسکتی ہے اور پھر اُس کام کو کر دیں۔ اِسے کہتے ہیں منفی پاکیزگی (وہ کام نہ کرنا جن سے وہ خوش نہیں ہوتا) میں مثبت پاکیزگی شامل کرنا(خدا کے لئے کچھ کرنا)۔ زبور 1 بتاتا ہے کہ وہ شخص جو خدا کو خوش کرنے کے لئے جیتا ہے ایک پھل دار زندگی بسر کرتا ہے۔

**آج کی دعا:** اے خدا! مَیں جانتا ہوں کہ تُو چاہتا ہے کہ مَیں ایک خوش باش، بھرپور اور بامقصد زندگی جیوں۔ مجھے وہ چیزیں دکھا جو مَیں کر کے تیرا مقصد حاصل کرسکوں۔ مجھے آج سکھا کہ مَیں کیسے تجھے خوش کر سکتا ہوں اور دوسروں کے لئے ایسی مثال بن سکتا ہوں جس کے وہ پیچھے چلیں۔

**آج کی آیات:**

متی 19:21-22؛ 27

''یسوع نے اُس سے کہا اگرتُو کامل ہونا چاہتا ہے تو جا اپنا مال و اسباب بیچ کرغریبوں کو دے۔ تجھے آسمان پرخزانہ ملے گا اور آ کر میرے پیچھے ہو لے۔مگر وہ جوان یہ بات سن کرغمگین ہو کر چلا گیا کیونکہ بڑا مال دار تھا۔ اِس پر پطرس نے جواب میں اُس سے کہا دیکھ ہم تو سب کچھ چھوڑ کر تیرے پیچھے ہو لئے ہیں۔ پس ہم کو کیا ملے گا؟''

زبور 1:1-3

''مبارک ہے وہ آدمی جو شریروں کی صلاح پرنہیں چلتا اور خطاکاروں کی راہ میں کھڑا نہیں ہوتا اور ٹھٹھابازوں کی مجلس میں نہیں بیٹھتا بلکہ خداوند کی شریعت میں اُس کی خوشنودی ہے اور اُسی کی شریعت پر دن رات اُس کا دھیان رہتا ہے۔ وہ اُس درخت کی مانند ہو گا جو پانی کی ندیوں کے پاس لگایا گیا۔ جو اپنے وقت پر پھلتا ہے اور جس کا پتا بھی نہیں مُرجھاتا۔سو جو کچھ وہ کرے بارور ہو گا۔''

# اپریل 28

''سیڑھیوں کو گھورنے کی بجائے سیڑھیوں پر چڑھنا شروع کریں۔''

کبھی کبھار جو کام ہمارے سر پر آ کھڑا ہوتا ہے ناقابلِ تسخیر لگتا ہے۔ مَیں سوچتا ہوں کہ داؤد کو بھی شاید ایسے حالات پیش آئے ہوں جب وہ سُورما جاتی جولیت کے آگے کھڑا تھا۔ شاید نوح کو بھی ایسا لگا ہو جب خدا نے اُس کو ایک بڑی کشتی بنانے کو کہا جس کو بنانے میں سو سال سے زائد عرصہ لگ گیا۔ یوسف کو اپنا خواب پورا ہونے سے پہلے 25 سال تک انتظار کرنا پڑا۔ کیسے ایک شخص زندگی کے بڑے دشمنوں کو ہرا سکتا ہے؟ آپ کیسے قرض پر غالب آسکتے ہیں، ٹوٹی ہوئی شادی دوبارہ جوڑ سکتے ہیں یا نشے کی عادت سے جنگ جیت سکتے ہیں؟ یہ آسان ہے۔ سیڑھیوں کو گھورنے کی بجائے سیڑھیوں پر چڑھنا شروع کریں۔۔۔۔ ایک وقت میں ایک قدم۔ پھر خداوند سے کہیں کہ وہ آپ کو اگلا قدم دے اور پھر اُدھر کھڑے نہ رہیں۔۔۔۔ آگے بڑھیں!

آج کی دعا: اے باپ! مَیں تیرا شکر کرتا ہوں کہ مَیں فتح مند ہوں۔ مَیں ایک وقت میں ایک قدم لے کر اپنی زندگی کے سُورماؤں کو ہرا دوں گا۔ تُو نے مجھے جینے اور اختیار رکھنے کے لئے بلایا ہے۔ تیرا شکر کرتا ہوں کہ مَیں یسوع مسیح کے ذریعے حکومت کرتا ہوں۔ مَیں آج ہی اگلا قدم اُٹھاؤں گا۔

**آج کی آیات:**

زبور 23:37

''انسان کی رَوِشیں خداوند کی طرف سے قائم ہیں اور وہ اُس کی راہ سے خوش ہے۔''

زبور 31:37

''اُس کے خدا کی شریعت اُس کے دل میں ہے۔ وہ اپنی رَوِش میں پھسلے گا نہیں۔''

1- پطرس 21:2

''اور تم اِسی کے لئے بلائے گئے ہو کیونکہ مسیح بھی تمہارے واسطے دکھ اُٹھا کر تمہیں ایک نمونہ دے گیا ہے تاکہ اُس کے نقشِ قدم پر چلو۔''

# اپریل 29

''یہ ہماری سوچ سے بڑھ کر ہے کہ ایک شخص کتنا فائدہ دے سکتا ہے اگر وہ یہ پروا نہ کرے کہ کام کرنے کے لئے عزت کس کو ملتی ہے۔''

بہت سی وجوہات ہیں کہ ایک شخص جو کچھ کرتا ہے وہ کیوں کرتا ہے۔ کسی شخص میں یہ خوبی کم ہی ہوتی ہے کہ وہ دوسروں کے فائدے کے لئے اپنا وقت، اپنی صلاحیت اور اپنے ذخائر استعمال کرے اور پھر اِس بات کی تسلی کئے بغیر کہ اُس کو کوئی فائدہ ہو گا بھی یا نہیں۔ اکثر وبیشتر یہ چیز فائدے کو محدود کر دیتی ہے جب اُوپر جانے کے لئے صرف ایک شخص کے نام کی جگہ ہو۔

یہ ہماری سوچ سے بڑھ کر ہے کہ ایک شخص کتنا فائدہ دے سکتا ہے، اگر وہ یہ پروا نہ کرے کہ کام کرنے کے لئے عزت کس کو ملتی ہے۔ اپنے آپ کے بارے میں سوچیۓ ۔ کیا چیز آپ کو اپنے ذخائر، اپنی صلاحیتیں اور اپنا وقت دوسروں پر خرچ کرنے کے لئے حوصلہ دیتی ہے؟ کیا آپ کسی کی مدد کرنے میں شامل ہیں؟ کیا آپ ایسی کوشش میں شامل ہیں جس سے آپ کو خاصا فائدہ نہیں؟ اگر نہیں تو کیوں نہیں؟

آج کی دعا: پیارے خداوند! مَیں ایسا شخص نہیں بننا چاہتا جو ذاتی مفاد یا خودغرضی یا کسی قسم کے اِجر سے حوصلہ پکڑتا ہو۔ مجھ سے بول اور مجھے بتا کہ تُو مجھے کس چیز میں شامل کرنا چاہتا ہے اور مَیں کسی اجر کی اُمید کے بغیر تیری فرماں برداری کروں گا۔

آج کی آیات:

متّی 6:1-5

''خبردار اپنے راست بازی کے کام آدمیوں کے سامنے دکھانے کے لئے نہ کرو، نہیں تو تمہارے باپ کے پاس جو آسمان پر ہے تمہارے لئے کچھ اجر نہیں ہے۔ پس جب تُو خیرات کرے تو اپنے آگے نرسنگا نہ بجوا جیسا ریا کار عبادت خانوں اور کوچوں میں کرتے ہیں تا کہ لوگ اُن کی بڑائی کریں۔ مَیں تم سے سچ کہتا ہوں کہ وہ اپنا اجر پا چکے۔ بلکہ جب تُو خیرات کرے تو جو تیرا دہنا ہاتھ کرتا ہے اُسے تیرا بایاں ہاتھ نہ جانے۔ تا کہ تیری خیرات پوشیدہ رہے۔ اِس صورت میں تیرا باپ جو پوشیدگی میں دیکھتا ہے تجھے بدلہ دے گا۔ اور جب تم دعا کرو تو ریا کاروں کی مانند نہ بنو کیونکہ وہ عبادت خانوں میں اور بازاروں کے موڑوں پر کھڑے ہو کر دعا کرنا پسند کرتے ہیں تا کہ لوگ اُن کو دیکھیں۔ مَیں تم سے سچ کہتا ہوں کہ وہ اپنا اجر پا چکے۔''

# اپریل 30

''بیل اور گدھے کو ایک ساتھ جوت کر ہل نہ چلائیں۔''

بائبل نوجوان خادموں کو اور جو کام وہ خدا کے لئے کرتے ہیں اُس کو بیل سے تشبیہ دیتی ہے۔ یہ جانور قوت ، انحصاری اور مستقل مزاجی کی عکاسی کرتے ہیں۔ یہ اکثر اوقات ایک ہی کام کرنے میں خوش رہتے ہیں اور شکایت نہیں کرتے بلکہ عادتاً وہ کام کرتے رہتے ہیں۔ دوسری طرف گدھے اپنی فطرت میں جنگلی ہوتے ہیں اور اُن کو نظم و ضبط میں لانا بہت مشکل ہوتا ہے۔ اُن کا سانس بدبودار اور کاٹنا تکلیف دہ اور زہریلا ہوتا ہے۔ مِل کر کام کرنے کی بجائے کبھی وہ اپنے ساتھ کام کرنے والوں کو دھکا دیتے ہیں، اپنے مالکوں کے ساتھ بگڑ جاتے ہیں اور قناعت کرنے سے انکار کرتے ہیں۔

اگر یہ لمبے عرصے کے لئے ایک ساتھ بندھے رہیں تو گدھا بیل کو زخمی کر دے گا اور اُس کے حوصلے کو پست کر دے گا۔ ہمیں اِس بات کا دھیان کرنا چاہیئے کہ ہم خدمت میں کن کے ساتھ بندھے ہیں: ''تم ایک بیل اور گدھے کو ساتھ نہ باندھنا۔''

**آج کی دعا:** اے خدا! مجھے حکمت دے کہ مَیں کیسے دوسروں کے ساتھ کام کروں یا اُنہیں کام دوں کیونکہ مَیں دوسروں کے ساتھ تیری خدمت کے لئے بلایا گیا ہوں۔ میری مدد کر کہ مَیں ایک شخص کی مدد کرتے کرتے دوسرے کو نقصان نہ پہنچا دوں۔ یسوع نام میں آمین۔

**آج کی آیات:**

اِستثنا 10:22

''تُو بیل اور گدھے دونوں کو ایک ساتھ جوت کر ہل نہ چلانا۔''

اَمثال 4:14

'' جہاں بیل نہیں وہاں چرنی صاف ہے ، لیکن غلے کی افزائش بیل کے زور سے ہے۔''

ایوب 5:39 ''گورخر کو کس نے آزاد کیا؟ جنگلی گدھے کے بند کس نے کھولے؟''